

# دفاعی مطالعات

(سرگرمی کی کتاب)

نویں جماعت کے لیے



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔





سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر۔نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴ مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کی گئی رابطہ کار کمیٹی کی نشست مؤرّخہ ۳/مارچ ۲۰۱۷ء میں اس کتاب کو درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

# دفاعی مطالعات

## (سرگرمی کی کتاب)

## نویں جماعت کے لیے

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ۔

I8JU2V

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن : 2017
چوتھا اصلاح شدہ ایڈیشن :
۲۰۲۱ء (2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴
اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

**مضمون دفاعی مطالعات کمیٹی :**

- پروفیسر ڈاکٹر شری کانت پرانجپے، صدر
- بریگیڈیئر ایس۔ جی۔ گوکھلے (سبکدوش)، رکن
- کرنل ڈاکٹر پرمودن مراٹھے (سبکدوش)، رکن
- ڈاکٹر وجے جادھو، رکن
- ڈاکٹر شانتارام بڑگزر، رکن
- ڈاکٹر اَجے کمار لولگے (رکن سکریٹری)

**مدعو:**

شری ویجناتھ کالے

**مترجمین :**

- جناب خان حسنین عاقب
- جناب سلیم شہزاد

**رابطہ کار مراٹھی:**

ڈاکٹر اجے کمار لولگے
اسپیشل آفیسر، عملی تجربہ اور
انچارج اسپیشل آفیسر، حفظانِ صحت اور جسمانی تعلیم
بال بھارتی، پونہ

**نقشہ نویس :**

روی کرن جادھو
بال بھارتی، پونہ

**Co-ordinator (Urdu) :**
Khan Navedul Haque Inamul Haque,
Special Officer for Urdu,
M.S. Bureau of Textbooks, Balbharati

**Urdu D.T.P. & Layout :**
Asif Nisar Sayyed,
Yusra Graphics,
305, Somwar Peth, Pune-11.

**Cover & Designing :**
Shri Ramesh Malge

**Production :**
Shri Sachchitanand Aphale
Chief Production Officer

Shri Vinod Gawde,
Production Officer

Shrimati Mitali Shitap
Assistant Production Officer

**Paper :** 70 GSM Creamvowe

**Print Order :** N/PB/2021-22/(10,000)

**Printer :** M/s. Chakradhar Offset Printers , Nagpur

**Publisher**
**Shri Vivek Uttam Gosavi**
Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 25.

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت و سنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو

ایک **مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں

اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف،** سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور

سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین

**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**

**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیہ وِدَھاتا۔

پَنْجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا،
دراوِڑَ، اُتکَل، بَنگَ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَلَ دِھ تَرَنگَ،

تَوَشُبھَ نامے جاگے، تَوَشُبھ آ شِس ماگے،
گاہے تَوَجَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

عزیز طلبہ!

نویں جماعت میں آپ سب کا استقبال ہے۔ 'دفاعی مطالعات' کے موضوع پر سرگرمی کی یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں دیتے ہوئے ہمیں بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

اس کتاب میں بھارتی فوج اور نیم فوجی دستوں کی مختصر معلومات فراہم کی گئی ہے۔ عالم کاری کی اِس صدی میں دفاعی مطالعات سے متعلق ضروری معلومات حاصل کرنے اور دفاعی شعبے میں کامیاب کریئر بنانے کے لیے اس موضوع پر ضروری معلومات حاصل کرنے میں ہمیں یقین ہے کہ یہ کتاب مفید ثابت ہوگی۔

آپ بخوبی جانتے ہیں کہ دفاعی مطالعات کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ دفاعی مطالعات کی سرگرمیوں کی کتاب کا مقصد آپ میں ملکی سلامتی، قومی مفاد اور حب وطن جیسی اقدار کو پروان چڑھانا ہے۔ مباحثوں، علاقائی سیر، انٹرویو، کردار کی اداکاری جیسی مختلف سرگرمیوں کے ذریعے آپ اس کی آموزش کریں گے۔ آپ ان تمام سرگرمیوں کو ضرور انجام دیجیے۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے آپ کی فکر کو جِلا ملے گی۔ مباحثوں کے ذریعے حاصل کردہ نکات اور معلومات لکھنے کے لیے کتاب میں کافی جگہ فراہم کی گئی ہے۔ جہاں ضرورت ہو اپنے اساتذہ، سرپرستوں اور ہم جماعت ساتھیوں کی مدد لیجیے۔

ٹکنالوجی کے اِس تیز رفتار دور میں کمپیوٹر، اسمارٹ فون کے استعمال سے آپ بخوبی واقف ہیں۔ سرگرمی کی کتاب کی آموزش کے دوران اطلاعاتی مواصلاتی ٹکنالوجی کے وسائل کا مناسب استعمال کیجیے تاکہ آپ کی آموزش بہتر ہو۔

سرگرمی کی کتاب کے مطالعے، آموزش اور تفہیم کے دوران آپ کو جو نکات پسند آئے نیز آموزش کے دوران جو مشکلات پیش آئیں یا جو سوالات پیدا ہوئے ان سے ہمیں ضرور مطلع کیجیے۔

آپ کی تعلیمی ترقی کے لیے آپ کو نیک خواہشات!

(ڈاکٹر سنیل مگر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

**پونہ۔**
**تاریخ:** ۲۸/اپریل ۲۰۱۷ء، اکشے ترتیہ
بھارتی سَور: ۸/وَیشاکھ ۱۹۳۹

## دفاعی مطالعات (Defence Studies)

### درس وتدریس اور سرگرمیوں پر عمل کرنے سے متعلق نقطۂ نظر :

مضمون 'دفاعی مطالعات' کا بنیادی ماخذ قومی دفاع ہے۔ ملکی دفاع کا تصوّر ملک کو درپیش داخلی اور خارجی مسائل پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ موجودہ دورہ میں ملکی دفاع کا تصوّر محض سرحدوں کے تحفّظ تک محدود نہیں بلکہ اس تصوّر میں سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی مسائل بھی شامل ہو چکے ہیں۔ اس مضمون کی تدریس سے طلبہ میں ملکی تحفظ، قومی مفاد اور حبِ وطن جیسی قدروں کا فروغ مقصود ہے۔ مستقبل میں اس شعبے میں روزگار کے مواقع کے پیشِ نظر یہ مضمون نہایت مفید ہے۔ نویں جماعت کی کتاب 'دفاعی مطالعات' میں بھارت کی ملکی سلامتی سے متعلق مسائل پر توجہ مرکوز کی گئی ہے جن میں خاص طور پر ملکی سلامتی کا تصوّر اور بھارتی فوجی اور نیم فوجی دستوں کے بارے میں معلومات شامل ہے۔

دسویں جماعت میں آپ آفات میں حفاظتی اقدام کے علاوہ بھارت کو درپیش داخلی مسائل کا مطالعہ کریں گے۔ طلبہ سے توقع ہے کہ وہ اس کتاب کو عملی بیاض کے طور پر استعمال کریں۔ اس کتاب میں شامل مواد کے مطالعے کے بعد اس سے متعلق گروہی و جماعتی مباحث اور ساتھی اساتذہ اور ماہرینِ تعلیم سے گفتگو کے علاوہ مختلف علاقوں کے دوروں اور انٹرویو کی مدد سے اس عملی بیاض کے اسباق کے نیچے دی ہوئی خالی جگہوں میں معلومات درج کی جائے۔ اس سرگرمی کے لیے طلبہ انٹرنیٹ، اخبارات، حوالہ جاتی کتب اور دیگر مواد کی مدد لے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اساتذہ سے مختلف علاقوں کا دورہ کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

### درس وتدریس :

(۱) سبق کی ہر اکائی سے متعلق مختصر معلومات دی ہوئی ہے جس کی بنیاد پر معلم کو مضمون کی تفہیم کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے ضروری حوالہ جات کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(۲) دیے ہوئے درسی مواد کی مؤثر آموزش کے پیشِ نظر ہر طالب علم کو سرگرمیوں میں عملی طور پر حصہ لینا چاہیے۔ سرگرمیوں میں درج نکات پر گفتگو کر کے اس سرگرمی کو تحریری شکل میں مکمل کیا جانا چاہیے۔

(۳) ہفتے میں ایک مرتبہ اخبارات اور رسائل کے توسط سے بھارت کے دفاع سے متعلق مسائل پر مشتمل خبروں پر مباحثہ منعقد کر کے طلبہ کو ذاتی اظہارِ رائے کا موقع فراہم کیا جائے۔

(۴) حالات کے مطابق مجوزہ علاقے کے دورے کا انعقاد کر کے قیادت وتعاون، گفتگو کی مہارت وغیرہ کو فروغ دیا جائے۔

### مضمون کی قدر پیمائی

(۱) آزادانہ تحریری امتحان نہیں ہے۔

(۲) دی ہوئی عملی بیاض میں تحریری کام کے لیے 40% ویٹیج ہے۔

(۳) مباحثہ، کسی علاقے کا دورہ، ملاقات، رول پلے (اداکاری) کے لیے 60% ویٹیج ہے۔

(۴) حاصل کردہ نمبرات کو درجے میں تبدیل کر کے طلبہ کو درجہ تفویض کیا جائے۔

## دفاعی مطالعات سے متعلق صلاحیتیں - نویں جماعت

نویں جماعت کی تکمیل پر طلبہ میں درج ذیل صلاحیتوں کا فروغ متوقع ہے۔

| نمبر شمار | جز | متوقع صلاحیتیں |
|---|---|---|
| ۱۔ | ❍ قومی سلامتی<br>❍ قومی سلامتی کو درپیش مسائل (خارجی) | ❍ حب وطن اور قومی اقدار کو پروان چڑھانا۔<br>❍ قومی سلامتی اور قومی مفاد کے تصوّرات کو سمجھنا۔<br>❍ قومی سلامتی کو درپیش خارجی چیلنجز کو سمجھنا۔<br>❍ بھارت اور پڑوسی ممالک کے مابین تعلقات سے واقفیت حاصل کرنا۔<br>❍ نقشہ خوانی کی مہارت کا فروغ ہونا۔ |
| ۲۔ | ❍ بھارتی دفاعی نظام<br>❍ برّی فوج / افواج<br>❍ بحریہ<br>❍ فضائیہ | ❍ بھارتی افواج کی تشکیل اور فرائض کو سمجھنا۔<br>❍ تینوں افواج کے اسلحوں سے متعلق معلومات حاصل کرنا۔<br>❍ برّی افواج کے افسران کے عہدوں سے واقفیت حاصل کرنا۔<br>❍ دفاع کے لحاظ سے بھارت کے ساحلی علاقوں اور بحریہ کی اہمیت کو سمجھنا۔<br>❍ قومی ہنگامی حالات کے دوران برّی افواج کی اہمیت سے واقف ہونا۔ |
| ۳۔ | ❍ ثانوی دفاعی تنظیمیں / ادارے<br>❍ پولس انتظامیہ | ❍ ملک کی ثانوی دفاعی تنظیموں اور ان کے فرائض کو سمجھنا۔<br>❍ قومی سلامتی کے لیے پولس دستوں کی خدمات کا مطالعہ کرنا۔<br>❍ ثانوی دفاعی تنظیموں سے متعلق مختلف انٹرویوز کے ذریعے ترغیب حاصل کرنا۔ |
| ۴۔ | ❍ افواج / فوج میں ملازمت کے مواقع | ❍ فوج میں ملازمت کے مواقع اور داخلوں کے عمل کو سمجھنا۔ |

# فہرست


| نمبر شمار | سبق کا نام | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱۔ | قومی سلامتی ............................................. | ۱ |
| ۲۔ | قومی سلامتی کو درپیش خارجی مسائل (چیلنجز) ............. | ۷ |
| ۳۔ | بھارت کا دفاعی نظام .................................. | ۱۳ |
| ۴۔ | برّی افواج ............................................. | ۱۹ |
| ۵۔ | بحریہ ................................................... | ۲۶ |
| ۶۔ | فضائیہ ................................................. | ۳۲ |
| ۷۔ | ثانوی دفاعی تنظیمیں .................................. | ۴۱ |
| ۸۔ | پولس انتظامیہ ......................................... | ۴۷ |
| ۹۔ | فوج میں ملازمت کے مواقع ............................. | ۵۱ |